**SHAHEEN INSURANCE COMPANY LTD.**
**Head Office :** 10th Floor, Shaheen Complex, M.R. Kayani Road, Karachi - 74200
Tel: (+9221) 32630370-75 Fax: (+9221) 32626674 E-mail: info@shaheeninsurance.com
Web: shaheeninsurance.com

SICL/CS/0256/01/062026 June,01, 2026

**The General Manager,**
**Pakistan Stock Exchange Limited,**
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi.

Subject: **Notice of the Extra Ordinary General Meeting**

Dear Sir,

In accordance with Clause 5.6.9 of the PSX Rule Book, please find enclosed herewith a copy of the Notice of Extraordinary General Meeting of Shaheen Insurance Company Limited scheduled to be held on **Monday, June 22, 2026 at 2:30 p.m. at the ICAP Auditorium, Institute of Chartered Accountants of Pakistan, Clifton, Karachi**, for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

The said notice has also been published in the newspapers *Business Recorder* (English) and *Express* (Urdu) on Sunday, May 31, 2026.

Yours Sincerely,

**Aqeel Anwar Kamal**
Company Secretary

**Syed Rizwan Akhtar**
Chief Executive Officer

C.C. to : Director / HOD Surveillance, Supervision and Enforcement Department,
Securities & Exchange Commission of Pakistan,
NIC Building, 63 – Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad.

BUSINESS RECORDER
Founded by M.A. Zuberi

# SHAHEEN INSURANCE COMPANY LTD.

## NOTICE OF EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an **Extra Ordinary General Meeting (EOGM)** of Shaheen Insurance Company Limited (Company) will be held on **Monday, June 22, 2026 at 02:30 p.m.** at the auditorium of the Institute of Chartered Accountants of Pakistan, Chartered Accountants Avenue, Block 8, Clifton, Karachi, to transact the following business;

Ordinary Business

To elect seven (07) directors of the Company as fixed by the Board in its meeting held on May 18, 2026 through circulation in accordance with the provisions of Section 159 (1) of the Companies Act, 2017 for a term of three years Commencing June 11, 2026.

The following are the retiring Directors, who are also eligible to offer themselves for re-election;

1) Air Vice Marshal Junaid Ahmed Siddiqui (Retd.)
2) Air Vice-Marshal Muhammad Qaiser Janjua (Retd.)
3) Air Commodore Wasim Ahmed Khan (Retd.)
4) Air Commodore Amer Altaf (Retd.)
5) Mr. Adeel Ali
6) Ms. Farrah Azeem Khan
7) Mr. Jehangir Shah

By Order of the Board
**Aqeel Anwar Kamal**
Company Secretary

**Karachi: May 29, 2026**

**NOTES**

1. The share transfer books of the Company shall remain closed from June 16, 2026 to June 22, 2026 (both days inclusive). Transfers received at M/s. Corplink (Pvt.) Ltd., Wings Arcade, 1-K, Commercial Model Town, Lahore, the Registrar and Share Registrar Office of the Company, by the close of business on June 15, 2026 will be considered in time for the purpose of Extra Ordinary General Meeting.
2. Any person who seeks to contest the election of directors shall, whether he is a retiring director or otherwise, file with the Company, the following documents and information at its registered office not later than fourteen days before the date of the above said meeting;

a) His/her Folio No./ CDC Investor Account No. /CDC Participant No./ Sub Account No. The qualification of a director shall be his/her holding shares in the Company of the nominal value of Rs. 5,000 in terms of Article 81 of the Articles of Association;

b) Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of directors in terms of section 159 of the Companies Act, 2017.

c) Information on Annexure A, along with the attachments required therein, and Affidavit on Annexure B required under Insurance Companies (Sound and Prudent Management) Regulations, 2012 notified by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide S.R.O 15(1) of 2012 dated January 09, 2012. Annexure A and Annexure B are available on SECP's website (www.secp.gov.pk), website of the Company (www.shaheeninsurance.com) and can also be obtained from the Registered Office of the Company; 10 Floor, Shaheen Complex, M.R. Kayani Road Karachi.

d) Affidavit on Annexure C required under S.R.O 1165(I) of 2016 dated December 22, 2016. The affidavit is available on Company's website and S.R.O 1165 is available on SECP's website.

e) Undertaking on Annexure-A required under direction issued vide S.R.O 1525(1) of 2018 dated December 14, 2018.The undertaking is available on Company's website and S.R.O 1525 is available on SECP's website.

f) Consent to act as director on Form 28 under section 167 of the Companies Act, 2017.

g) A detailed profile along with his/her office address as required under SECP's S.R.O 634(1) of 2014 dated July 10, 2014 for placing on website of the Company.

h) An attested copy of Computerized National Identity Card (CNIC or NICOP).

i) A declaration that:

- He/She is not ineligible to become a director of the Company under section 153 of the Companies Act, 2017.
- He/She is not serving as a director of more than seven listed companies.
- He/She is aware of his/her duties and powers under the relevant laws, Memorandum & Article of Association of Company and Listing Regulations of Pakistan Stock Exchange.

j) Please note that as per Regulation 2(2) of the Insurance Companies (Sound and Prudent Management) Regulations, 2012, proposed directors shall not assume the charge of office until their appointment has been approved by the SECP. The above information is required by the SECP for approval of the proposed directors and any other supporting information to evaluate the proposed director's fitness and propriety.

3. In line with the clarification issued vide Circular no. 4 of 2021 by the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) for ensuring participation of the shareholders in general meeting through electronic means as a regular feature; Company has also provided the facility for attending the meeting through video link. To attend the EOGM through video link, members are requested to register their following particulars by sending an e-mail at it.incharge@shaheeninsurance.com

| Folio / CDC Account No. | No. of shares held | Name | CNIC No. | Cell No. | Email address |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

The video link and login credentials will be shared with shareholders whose e-mails, containing all the requested particulars, are received at the given e-mail address by or before the close of business hours (5:00 p.m.) on June 13, 2026. For any query, the members may please contact at aforesaid email or on WhatsApp Number 92-3553999709.

4. The Proxy Form duly completed and signed along with attested copies of CNIC/Passport of the member, Proxy Holder and the witnesses must be deposited at the Registered Office of the Company or emailed at cfo@shaheeninsurance.com not later than 48 hours before the time of holding of the meeting. Original CNIC/Passport will be produced by the Proxy holder at the time of the meeting.
5. No persons shall be appointed as a Proxy unless he/she is a member of the Company.
6. In case of corporate entity, the Board of Director's Resolution/Power of Attorney with specimen signature of the representative shall be submitted along with Proxy Form to the Company.
7. CDC account holders and their proxies must attach attested photocopy of their CNIC/Passport with the Proxy Form.
8. Members may exercise their right to vote by means of postal ballot i.e. by post or through electronic mode subject to the requirements of section 143-145 of the Companies Act 2017 and applicable clauses of Companies (Postal Ballot) Regulations 2018. Further, Company will provide the facility of electronic voting and voting by post if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under section 159(1) of the Companies Act, 2017.
9. **PROCEDURE FOR VOTING FOR AGENDA ITEMS**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 and its amendments notified vide SRO 2192(I)/2022 dated December 05, 2022, members will be allowed to exercise their right to vote for the special business in the EOGM, in accordance with the condition mentioned in the aforesaid regulations. The Company shall provide its members with the following options for voting;

I. **E-Voting Procedure**

a. Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the by the end of business hours on June 15, 2026.

b. Identity of the Members intending to cast vote through e-Voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

c. E-Voting lines will start from June 19, 2026, 09:00 a.m. and shall close on June 21, 2026 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time in this period. Once the vote on a resolution is cast by a Member, he / she shall not be allowed to change it subsequently.

II. **Postal Ballot**

The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper along with copy of Computerized National Identity Card (CNIC) should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered address, Head Office, 10th Floor Shaheen Complex, M.R. Kayani Road, Karachi, or email at chairman@shaheeninsurance.com one working day before the Extra Ordinary General Meeting i.e. on June 21, 2026, during working hours. The signature on the ballot paper shall match with the signature on CNIC.

10. **Unclaimed Dividend and Shares**

Shareholders are hereby informed that, in accordance with the provisions of the Companies Act, 2017, any dividend and shares which remain unclaimed or unpaid for the prescribed period may be transferred to the Federal Government as required under applicable laws. Shareholders who have not yet claimed their dividend or shares, if any, are requested to contact the Company's Share Registrar immediately for claiming the same.

11. **No Gifts to Shareholders**

The Company shall not distribute any gifts, souvenirs, or complimentary items to the shareholders attending the Extraordinary General Meeting.

12. **Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form**

Pursuant to the requirements of Section 72 of the Companies Act, 2017 and applicable regulations, shareholders having physical share certificates are requested to convert their shares from physical form into book-entry form at the earliest. The conversion of physical shares into book-entry form will facilitate safe custody and efficient transfer of shares through the Central Depository System.

13. **Consent for Participation through Video Conference Facility**

Pursuant to the provisions of the Companies Act, 2017, members holding at least ten percent (10%) shareholding residing in a geographical location may, at least seven (7) days prior to the date of the Extraordinary General Meeting, provide their consent to the Company for participation in the meeting through video conference facility. The request must be submitted to the Company Secretary at the registered office of the Company within the prescribed time.

### STATEMENT U/S 166 (3) OF THE COMPANIES ACT, 2017

**Item of the Agenda**

**Statement u/s 166 (3) of the Companies Act, 2017 in respect of election of Independent Directors of the Company**

Persons eligible u/s 153, meeting the criteria u/s 166 of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulation, 2018, may submit their nominations to be elected as independent directors. Independent Directors will be elected through the process of election of directors in terms of Section 159 of the Companies Act, 2017 and they shall meet the criteria laid down u/s 166 (2) of the Companies Act, 2017.

**"RESOLVED THAT"** pursuant to the provisions of Section 159(1) of the Companies Act, 2017 and all other applicable provisions, the number of Directors to be elected for the next term of three (3) years commencing from the date of election be and is hereby fixed at **Seven (7) Directors**.

**"FURTHER RESOLVED THAT"** the composition of the Board shall comprise the following categories:

- Five (5) Sponsor Directors
- Two (2) Independent Directors, including:
  - One (1) Male Independent Director
  - One (1) Female Independent Director

in compliance with the applicable provisions of the Companies Act, 2017, Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, Insurance Companies requirements, and all other applicable regulatory requirements.

**"FURTHER RESOLVED THAT"** the present tenure of the existing Directors elected/appointed on different dates shall expire on 11 June 2026, and election of Directors for the next term of three (3) years shall be held in the Extraordinary General Meeting (EOGM) proposed to be convened on **Monday, 22 June 2026 to held at 2:30 p.m. at ICAP-Auditorium**, ICAP, Karachi.

**"FURTHER RESOLVED THAT"** the following Directors are presently serving on the Board of the Company:

| S# | Name of Director | Date of Appointment / Election | Nominated By |
|---|---|---|---|
| 1 | Air Vice Marshal Mohammad Junaid Siddiqui (Retd.) | 17/05/2024 | Shaheen Foundation |
| 2 | Air Vice Marshal Muhammad Qaiser Janjua (Retd.) | 8/12/2023 | Shaheen Foundation |
| 3 | Air Commodore Wasim Ahmed Khan (Retd.) | 11/6/2023 | Shaheen Foundation |
| 4 | Air Commodore Amer Altaf (Retd.) | 20/02/2025 | Shaheen Foundation |
| 5 | Mr. Adeel Ali | 11/6/2023 | Shaheen Foundation |
| 6 | Ms. Farrah Azeem Khan | 11/6/2023 | Independent Female Director |
| 7 | Mr. Jehangir Shah | 11/6/2023 | Independent Director |

"**FURTHER RESOLVED THAT**" upon completion of the election process, the newly elected Directors shall hold office for a term of **three (3) years** in accordance with the provisions of the Companies Act, 2017, subject to applicable laws and regulations.

**Further Resolved that** the Chief Executive Officer and Company Secretary be and is hereby authorized to prepare, finalize, execute, issue and file all necessary documents, notices, applications and any ancillary papers, take and do, and/or cause to be taken or done, any / all necessary actions, deeds and things for and on behalf of, and in the name of the Company, as may be necessary or required as deemed fit for giving effect to the aforementioned resolutions as well as do all acts, matters, deeds, and things which are necessary, incidental and or / consequential to the principal or any ancillary matters thereto to fully achieve the objectives of the aforesaid resolution."

اتوار،31 مئی،2026
روزنامہ ایکسپریس

# شاہین انشورنس کمپنی لمیٹڈ

SHAHEEN INSURANCE COMPANY LTD.
GROUP COMPANY OF
SHAHEEN FOUNDATION
PAKISTAN AIR FORCE

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ شاہین انشورنس کمپنی لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کا ایک غیر معمولی جنرل اجلاس (EOGM) بروز پیر، 22 جون 2026 بوقت دوپہر 02:30 بجے آڈیٹوریم آف دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (ICAP)، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، بلاک 8 کلفٹن، کراچی میں منعقد ہوگا تاکہ مندرجہ ذیل امور انجام دیے جاسکیں:

**عام کاروباری امور**

کمپنی کے سات (07) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، جیسا کہ بورڈ نے 18 مئی 2026 کو منعقدہ اپنے اجلاس میں سرکولیشن کے ذریعے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کی دفعات کے مطابق، 11 جون 2026 سے شروع ہونے والی تین سال کی مدت کے لیے مقرر کیا ہے۔

مندرجہ ذیل سبکدوش ہونے والے (Retiring) ڈائریکٹرز ہیں، جو دوبارہ انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے اہل ہیں:

1. ایئر وائس مارشل جنید احمد صدیقی (ریٹائرڈ)
2. ایئر وائس مارشل محمد قیصر جنجوعہ (ریٹائرڈ)
3. ایئر کموڈور وسیم احمد خان (ریٹائرڈ)
4. ایئر کموڈور عامر الطاف (ریٹائرڈ)
5. جناب عدیل علی
6. محترمہ فرح عظیم خان
7. جناب جہانگیر شاہ

کراچی: 29 مئی 2026

بحکم بورڈ
عقیل انور کمال
کمپنی سیکریٹری

**نوٹ:**

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 16 جون 2026 سے 22 جون 2026 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، 1-K، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور (جو کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس ہیں) میں 15 جون 2026 کو کاروبار کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز غیر معمولی جنرل میٹنگ کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

2. کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، خواہ وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، وہ مذکورہ بالا میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں درج ذیل دستاویزات اور معلومات جمع کروانے کا پابند ہوگا:

ا۔ اپنا فولیو نمبر/CDC انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/CDC پارٹیسپنٹ نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 81 کے تحت ڈائریکٹر کی اہلیت یہ ہوگی کہ وہ کمپنی کے 5,000 روپے کی برائے نام مالیت کے شیئرز کا حامل ہو

ب۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

ج۔ انشورنس کمپنیز (صوتی اور ہوشمندانہ انتظام) ریگولیشنز 2012 (جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان-SECP نے S.R.O 15(1) آف 2012 مورخہ 09 جنوری 2012 کے تحت نوٹیفائی کیا ہے) کے تحت انیکسچر -A پر معلومات بمعہ مطلوبہ دستاویزات اور انیکسچر -B پر حلف نامہ (Affidavit)۔ یہ انیکسچرز SECP کی ویب سائٹ (www.secp.gov.pk) اور کمپنی کی ویب سائٹ (www.shaheeninsurance.com) پر دستیاب ہیں، اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس (10ویں منزل، شاہین کمپلیکس، ایم آر کیانی روڈ، کراچی) سے بھی حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

د۔ S.R.O.1165(I) آف 2016 مورخہ 22 دسمبر 2016 کے تحت مطلوبہ انیکسچر -C پر حلف نامہ۔ یہ حلف نامہ کمپنی کی ویب سائٹ پر اور S.R.O 1165 ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ہ۔ S.R.O.1525(I) آف 2018 مورخہ 14 دسمبر 2018 کے تحت جاری کردہ ہدایات کے مطابق انیکسچر -A پر انڈرٹیکنگ (Undertaking)۔ یہ انڈرٹیکنگ کمپنی کی ویب سائٹ پر اور S.R.O1525 ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

و۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے تحت فارم 28 پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی (Consent)۔

ز۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنے کے لیے SECP کے S.R.O 634(I) آف 2014 مورخہ 10 جولائی 2014 کے تحت مطلوبہ تفصیلی پروفائل بمعہ دفتری پتہ۔

ح۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC یا NICOP) کی تصدیق شدہ کاپی۔

ط۔ ایک اقرار نامہ (Declaration) کہ:

وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 کے تحت کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نا اہل نہیں ہے۔

وہ سات (7) سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا/رہی۔

ی۔ وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے پوری طرح واقف ہے۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ انشورنس کمپنیز ریگولیشنز 2012 کے ریگولیشن 2(2) کے مطابق، مجوزہ ڈائریکٹرز اس وقت تک اپنے عہدے کا چارج نہیں سنبھالیں گے جب تک کہ ان کی تقرری کی منظوری SECP سے حاصل نہ ہو جائے۔ یہ تمام معلومات SECP کو مجوزہ ڈائریکٹرز کی منظوری اور ان کی فٹنس اور موزونیت (Fitness and Propriety) کو جانچنے کے لیے درکار ہیں۔

3. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 4 آف 2021 کی ہدایات کے مطابق (جس کا مقصد الیکٹرانک ذرائع سے جنرل میٹنگ میں شیئر ہولڈرز کی شرکت کو مستقل خصوصیت بنانا ہے) کمپنی نے ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کی سہولت بھی فراہم کی ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لیے ممبران سے گزارش ہے کہ وہ درج ذیل تفصیلات it.incharge@shaheeninsurance.com پر ای میل کر کے خود کو رجسٹر کروائیں:

| Folio / CDC Account No. | No. of shares held | Name | CNIC No. | Cell No. | Email address |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات ان شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز (تمام مطلوبہ تفصیلات کے ساتھ) 13 جون 2026 کو دفتری اوقات کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک یا اس سے پہلے موصول ہوں گی۔ کسی بھی سوال کے لیے ممبران مذکورہ ای میل پر یا واٹس ایپ نمبر 92-3553999709 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

4. مکمل اور دستخط شدہ پروکسی فارم (Proxy Form) بمعہ ممبر، پروکسی ہولڈر اور گواہان کے شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیوں کے ساتھ، میٹنگ کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروانا یا cfo@shaheeninsurance.com پر ای میل کرنا ضروری ہے۔ میٹنگ کے وقت پروکسی ہولڈر کو اصل شناختی کارڈ/پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

5. کسی بھی شخص کو پروکسی مقرر نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ وہ خود کمپنی کا ممبر نہ ہو۔

6. کارپوریٹ ادارے (Corporate Entity) کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد (Resolution)/پاور آف اٹارنی بمعہ نمائندے کے دستخط کے نمونے کے، پروکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کروائے جائیں گے۔

7. CDC اکاؤنٹ ہولڈرز اور ان کے پروکسیز کو پروکسی فارم کے ساتھ اپنے شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کرنا لازمی ہے۔

8. ممبران کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143-145 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی لاگو دفعات کے تحت پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا الیکٹرانک طریقے سے اپنے ووٹ کا حق استعمال کر سکتے ہیں۔ مزید برآں، اگر انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہوئی، تو کمپنی الیکٹرانک ووٹنگ اور بذریعہ ڈاک ووٹنگ کی سہولت فراہم کرے گی۔

9. **ایجنڈا آئٹمز کے لیے ووٹنگ کا طریقہ کار**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور اس میں SRO 2192(I)/2022 مورخہ 05 دسمبر 2022 کے تحت مشتہر کردہ ترامیم کے مطابق، ممبران کو مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج شرائط کے مطابق غیر معمولی جنرل میٹنگ (EOGM) میں خصوصی کاروبار کے لیے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ کمپنی اپنے ممبران کو ووٹنگ کے لیے درج ذیل اختیارات فراہم کرے گی:

**ای-ووٹنگ کا طریقہ کار (Voting Procedure-E):**

ای-ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے کارآمد CNIC نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریسز 15 جون 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔

ای-ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کرنے کے خواہشمند ممبران کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق (Authentication) کے ذریعے کی جائے گی۔

ای-ووٹنگ لائنز 19 جون 2026 صبح 09:00 بجے سے شروع ہوں گی اور 21 جون 2026 شام 05:00 بجے بند ہو جائیں گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی ممبر کی طرف سے قرارداد پر ووٹ کاسٹ کر دیا جائے گا، تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**پوسٹل بیلٹ (Postal Ballot):**

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ مکمل بھرا ہوا اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے، میٹنگ کے چیئرمین کو بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے (ہیڈ آفس، 10ویں منزل، شاہین کمپلیکس، ایم آر کیانی روڈ، کراچی) پر موصول ہو جائے، یا غیر معمولی جنرل اجلاس سے ایک کام کے دن پہلے یعنی 21 جون 2026 کو دفتری اوقات کے دوران chairman@shaheeninsurance.com پر ای میل کر دیا جائے۔ بیلٹ پیپر پر دستخط شناختی کارڈ (CNIC) کے دستخط سے مماثل ہونے چاہئیں۔

10. **غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز:**

شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق، کوئی بھی ڈیویڈنڈ اور شیئرز جو مقررہ مدت تک غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ رہیں، لاگو قوانین کے تحت وفاقی حکومت کو منتقل کیے جا سکتے ہیں۔ جن شیئر ہولڈرز نے ابھی تک اپنے ڈیویڈنڈ یا شیئرز کا دعویٰ نہیں کیا، ان سے گزارش ہے کہ وہ فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

11. **شیئر ہولڈرز کے لیے کوئی تحائف نہیں:**

کمپنی غیر معمولی جنرل میٹنگ میں شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز کو کوئی تحائف، سووینئرز یا اعزازی اشیاء تقسیم نہیں کرے گی۔

12. **فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 اور لاگو ریگولیشنز کے تحت، فزیکل شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو فزیکل فارم سے بک انٹری فارم (Entry Form-Book) میں تبدیل کریں۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم (CDS) کے ذریعے شیئرز کی محفوظ تحویل اور موثر منتقلی میں سہولت فراہم کرے گی۔

13. **ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کی رضامندی:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق، کسی مخصوص جغرافیائی علاقے میں رہنے والے ممبران جن کے پاس کم از کم دس فیصد (10%) شیئر ہولڈنگ ہو، وہ غیر معمولی جنرل میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے، ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لیے کمپنی کو اپنی رضامندی فراہم کر سکتے ہیں۔ یہ درخواست مقررہ وقت کے اندر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں کمپنی سیکریٹری کو جمع کروائی جانی چاہیے۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(3) کے تحت بیان

**ایجنڈا کا آئٹم:**

کمپنی کے آزاد (Independent) ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(3) کے تحت بیان۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 153 کے تحت اہل اور سیکشن 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کا طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز 2018 کے معیار پر پورا اترنے والے افراد آزاد ڈائریکٹرز کے طور پر منتخب ہونے کے لیے اپنی نامزدگیاں جمع کرا سکتے ہیں۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے ذریعے کیا جائے گا اور وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 166(2) کے تحت طے شدہ معیار پر پورا اتریں گے۔

"قرارداد پائی" کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کی دفعات اور دیگر تمام لاگو دفعات کے تحت، انتخاب کی تاریخ سے شروع ہونے والی اگلی تین (3) سالہ مدت کے لیے منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد اس کے ذریعے سات (7) مقرر کی جاتی ہے۔

"مزید قرارداد پائی" کہ بورڈ کی ساخت (Composition) مندرجہ ذیل کیٹیگریز پر مشتمل ہوگی:

- پانچ (5) اسپانسرڈ ڈائریکٹرز
- دو (2) آزاد (Independent) ڈائریکٹرز، بشمول:
  - ایک (1) مرد آزاد ڈائریکٹر
  - ایک (1) خاتون آزاد ڈائریکٹر

یہ کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، انشورنس کمپنیوں کی ضروریات اور دیگر تمام لاگو ریگولیٹری تقاضوں کی تعمیل میں ہے۔

"مزید قرار پایا" کہ مختلف تاریخوں پر منتخب/تقرر کیے گئے موجودہ ڈائریکٹرز کی موجودہ مدت 11 جون 2026 کو ختم ہو جائے گی، اور اگلی تین (3) سال کی مدت کے لیے ڈائریکٹرز کا انتخاب غیر معمولی جنرل میٹنگ (EOGM) میں ہوگا جو بروز پیر، 22 جون 2026 کو دوپہر 02:30 بجے آئی سی اے پی آڈیٹوریم (ICAP)، کراچی میں منعقد کرنے کی تجویز ہے۔

" مزید قرار پایا " کہ درج ذیل ڈائریکٹرز فی الحال کمپنی کے بورڈ میں خدمات انجام دے رہے ہیں:

| سیریل نمبر | ڈائریکٹر کا نام | تقرری/انتخاب کی تاریخ | نامزد کنندہ |
|---|---|---|---|
| 1 | ایئر وائس مارشل محمد جنید صدیقی (ریٹائرڈ) | 17/05/2024 | شاہین فاؤنڈیشن |
| 2 | ایئر وائس مارشل محمد قیصر جنجوعہ (ریٹائرڈ) | 8/12/2023 | شاہین فاؤنڈیشن |
| 3 | ایئر کموڈور وسیم احمد خان (ریٹائرڈ) | 11/6/2023 | شاہین فاؤنڈیشن |
| 4 | ایئر کموڈور عامر الطاف (ریٹائرڈ) | 20/02/2025 | شاہین فاؤنڈیشن |
| 5 | جناب عدیل علی | 11/6/2023 | شاہین فاؤنڈیشن |
| 6 | محترمہ فرح عظیم خان | 11/6/2023 | آزاد خاتون ڈائریکٹر |
| 7 | جناب جہانگیر شاہ | 11/6/2023 | آزاد ڈائریکٹر |

" مزید قرار پایا " کہ انتخابی عمل کی تکمیل پر، نئے منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات کے مطابق، لاگو قوانین اور ضوابط کے تابع، تین (3) سال کی مدت کے لیے عہدہ سنبھالیں گے۔

" مزید قرار پایا " کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو اس کے ذریعے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کی طرف سے اور اس کے نام پر تمام ضروری دستاویزات، نوٹس، درخواستیں اور کوئی بھی ذیلی دستاویزات تیار، حتمی، نافذ، جاری اور فائل کریں، اور وہ تمام ضروری اقدامات، دستاویزات اور کام انجام دیں یا کروائیں جو مذکورہ بالا قراردادوں کو نافذ کرنے کے لیے موزوں یا مطلوب ہوں، اور وہ تمام کام اور معاملات انجام دیں جو اس کے مقاصد کو مکمل طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری، ضمنی یا نتیجہ خیز ہوں۔